**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 28.09.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | تعلیم اور جدید مہارت معاشرے کی بہتری کے لیے ضروری ہے، گورنر مندوخیل۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | بی اے پی کے انتخابات شفافیت اور جمہوریت کی روشن مثال ہیں، وزیر اعلیٰ بگٹی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی کے مختلف شعبوں میں آگے بڑھنا ہوگا، سردار کھیتران۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | بلوچستان میں معدنیات راہداری قائم کی جائے گی، احسن اقبال۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | راحیلہ درانی بلوچستان گرلز گائیڈ کی چیف مقرر۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | محکمہ ریونیو عوام کو جدید سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دے رہا ہے، عاصم کرد گیلو۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | کوشش ہے زمینداروں کو بروقت اور پورا پانی مہیا کیا جائے، صادق عمرانی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | بلوچستان میں پی پی کا بیڑا غرق کر دیا گیا، علی حسن زہری۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | عوامی حقوق واختیارات کی پاسداری یقینی بنا رہے ہیں، وزیر صحت۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | بلوچستان میں ایک سال خدمات سرانجام دینے والے پولیس آفسران کا تبادلہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | امن وامان کی صورتحال بہتر عوام کو مکمل تحفظ فراہم کریں گے، آئی جی بلوچستان۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | چمن پاک افغان بارڈر پر امیگریشن کاؤنٹرز کی تعداد 16 کر دی گئی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | پلاسٹک تھیلیوں اور منی پٹرول پمپس کے خلاف انتظامیہ کی کارروائی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | 2024 بلوچستان میں 23 ہزار سے زائد ٹریفک حادثات رپورٹ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | 25 سال بعد صوبائی ڈرگ ٹیسٹنگ لیب اپ گریڈ اور فعال۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | ٹرانسپورٹرز کو ہر سطح پر تحفظ فراہم کیا جائے، ڈاکٹر مالک۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | روٹی، کپڑا، مکان کے دعویدار عوام سے جینے کا حق چھین رہے ہیں، بی این پی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | بلوچستان میں لگی آگ کو بجھانے میں سب کردار ادا کریں، مولانا ہدایت الرحمٰن۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 19 | خالد مگسی بی اے پی کی صدر اور منظور کاکڑ سیکرٹری جنرل منتخب وزیر اعلیٰ کی نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

**امن وامان:**

نوشکی موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے تین افراد جاں بحق، ڈیرہ بگٹی دو گروپوں میں تصادم دو بھائیوں سمیت تین افراد جاں بحق، دکی پھندا لگی اور تیزاب سے جھلسی ہوئی دو لاشیں برآمد، ایف آئی اے ریڈ بک جاری بلوچستان سمیت ملک بھر سے 143 انسانی اسمگلرز مطلوب، ڈیرہ مراد جمالی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک۔

**عوامی مسائل:**

بدلتے موسم نے بیماریوں میں اضافہ کر دیا ہسپتالوں میں سہولیات ناپید، سادہ کپڑوں میں ملبوس افراد کی پولیس کے نام پر لوٹ مار۔

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

مورخہ 28.09.2025

## اداریہ:

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**بلوچستان بورڈ میں کرپشن اور ریکارڈ ٹیمپرنگ** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ یہ بات حقیقت پر مبنی ہے بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کوئٹہ ایک باوقار اور بڑی اہمیت کا حامل ادارہ ہے اس میں میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے ہونیوالے امتحانات کے نتائج مرتب کئے جاتے ہیں اور ان امتحانات میں کامیاب ہونے والے طلباء وطالبات ملک کے مستقبل کی بھاگ دوڑ سنبھالتے ہیں ان میں سیاستدان، بیوروکریٹ اور دیگر شعبوں میں خدمات انجام دینے والے ہوں سب کی بنیاد یہی ادارہ ہے۔ اگر اس ادارے میں کرپشن، ریکارڈ ٹیمپرنگ اور نتائج میں ردوبدل والے معاملے ہوں تو اس کے نتائج بڑے خطرناک برآمد ہوتے ہیں۔ یہ ایک بہت بڑا لمحہ فکر یہ ہے۔ گذشتہ روز اینٹی کرپشن بلوچستان نے کرپشن اور ریکارڈ ٹیمپرنگ میں ملوث بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کوئٹہ کے آئی ٹی ونگ کے 2 ملازمین کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان اینٹی کرپشن بلوچستان کے مطابق اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان کو قابل اعتماد انٹیلی جنس اطلاعات موصول ہوئیں کہ بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کوئٹہ کے بعض افسران اہلکار کرپشن، اختیارات کے ناجائز استعمال اور امتحانی ریکارڈ میں غیر قانونی ردو بدل میں ملوث ہیں۔ بدعنوانیاں بالخصوص ہائر سیکنڈری سکو سکول ٹریفکیٹ اور ضمنی امتحانات 2024ء کے نتائج میں کی گئیں۔ تحقیقات سے انکشاف ہوا ہے کہ امیدواروں کے نمبروں میں غیر قانونی تبدیلی، ڈی ایم سی میں ردوبدل اور آئی ٹی سسٹم تک بے جا رسائی کے ذریعے مبینہ طور پر مالی فوائد اقربا پروری اور دیگر ذاتی مفادات کیلئے کئے گئے۔

## اداریے :

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "Securing water" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

## مضامین :

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 28 SEP 2025 Page No. 1

## تعلیم اور جدید مہارت معاشرے کی بہتری کیلئے ضروری ہے، گورنر مندوخیل

### اسکلز ایجوکیشن سنٹر نوجوانوں کو مارکیٹ کے مطابق تیار کرنے کیلئے وژنری اقدام ہے، خطاب

ژوب (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ اسکلز ایجوکیشن سنٹر کا قیام تعلیم اور عملی مہارتوں کے درمیان فرق کو ختم کرنے اور نوجوانوں کو مارکیٹ کے تقاضوں کے مطابق ترقی کرنے کیلئے ایک وژنری اقدام ہے۔ بہت جلد ہم ہنرمندی کی تعلیم کے ذریعے اپنے طلباء میں ملازمت، کاروباری صلاحیت اور تخلیقی صلاحیتوں کو بڑھائیں گے۔ بالآخر وہ اقتصادی ترقی میں حصہ ڈالنے، بیروزگاری کو کم کرنے اور اپنی کمیونٹی میں پائیدار ترقی کو فروغ دینے کے قابل ہو جائینگے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ژوب کے ماڈل ہائیر سیکنڈری اسکول میں یونیسف اور یورپی یونین کے تعاون سے قائم "سکلز ایجوکیشن سینٹر" کا افتتاح کرتے ہوئے کیا، گورنر بلوچستان نے سکلز ایجوکیشن سینٹر کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا اور وہاں موجود طلباء سے سوالات کیے، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ آج بڑے خوشی کا دن ہے جب ہم نے ژوب کے ماڈل ہائر سیکنڈری اسکول میں ہنرمندی کی تعلیم کے مرکز کا افتتاح کیا جو یونیسف اور یورپی یونین کے تعاون سے ممکن ہوا۔ ان کا یہ تحفہ ایک نئی امید اور نوجوانوں کو معاشی طور پر بااختیار بنانے کی ایک کرن ہے۔

## گورنر کا ٹراما سنٹر کا دورہ، حادثاتی فائرنگ کے زخمیوں کی عیادت کی

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے ٹراما سینٹر کوئٹہ میں گزشتہ روز غیر ارادی حادثاتی فائرنگ کے نتیجے میں زخمی ہونے والے پولیس اہلکار اور ژوب کالج کے طالب علم کی خیریت دریافت کی ان کی حالت کا جائزہ لیا اور وہاں موجود ڈاکٹروں اور پیرا میڈیکل اسٹاف کی جانب سے بہترین دیکھ بھال کی تعریف کی۔



ژوب: گورنر جعفر مندوخیل یونیسف اور یورپی یونین کے اشتراک سے قائم اسکلز ایجوکیشن سنٹر کا افتتاح کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA

## صوبے میں تعلیم کی ترقی ہمارے معاشرے کی بہتری کیلئے نیا عزم ہے گورنر

### اساتذہ کرام جدید تعلیم کے ساتھ طلباء کے کردار اور اخلاق سنوارنے پر بھی بھرپور توجہ دیں، شیخ جعفر خان مندوخیل

### بہت جلد ہم ہنرمندی کی تعلیم کے ذریعے اپنے طلباء میں ملازمت، کاروباری اور تخلیقی صلاحیتوں کو بڑھائیں گے

### ہائیر سیکنڈری اسکول ژوب میں اسکلز ایجوکیشن سینٹر کا قیام خوش آئند عمل اور ایک وژنری اقدام ہے' افتتاح کے موقع پر خطاب

ژوب (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ اسکلز ایجوکیشن سنٹر کا قیام تعلیم اور عملی مہارتوں کے درمیان فرق کو ختم کرنے اور نوجوانوں کو مارکیٹ کے تقاضوں کے مطابق ترقی کرنے کیلئے ایک وژنری اقدام ہے بہت جلد ہم ہنرمندی کی تعلیم کے......

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

ذریعے اپنے طلباء میں ملازمت، کاروباری صلاحیت اور تخلیقی صلاحیتوں کو بڑھائیں گے۔ بالآخر وہ اقتصادی ترقی میں حصہ ڈالنے، بیروزگاری کو کم کرنے اور اپنی کمیونٹی میں پائیدار ترقی کو فروغ دینے کے قابل ہو جائیں گے



گورنر جعفر خان مندوخیل ژوب نوجوان ایکشن کمیٹی کلی اپوزئی میں شمولیتی پروگرام سے خطاب کر رہے ہیں

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 40 روپے

جلد 54 | اتوار 4 ربیع الثانی 1447ھ 28 ستمبر 2025ء | نمبر 265


# بی اے پی کے انتخابات شفافیت اور جمہوریت کی روشن مثال ہیں، وزیراعلیٰ بگٹی

## امید ہے نئی قیادت عوام کی خدمت کے عزم کو مزید آگے بڑھائے گی، خالد مگسی و دیگر کو مبارکباد

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان عوامی پارٹی کے انٹرا پارٹی انتخابات میں کامیاب ہونے والے تمام نو منتخب مرکزی وصوبائی عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ انتخابات شفافیت اور جمہوریت کی روشن مثال ہیں وزیراعلیٰ نے وفاقی وزیر نوابزادہ خالد حسین مگسی کو مرکزی صدر، سینیٹر منظور کاکڑ کو مرکزی سیکریٹری جنرل، سردار صالح محمد بھوتانی کو صوبائی صدر بلوچستان اور حاجی مٹھا خان کاکڑ کے صوبائی جنرل سیکرٹری منتخب ہونے پر بھی مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ نے تمام نو منتخب عہدیداروں کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ بی اے پی کی نئی قیادت صوبے اور ملک کے عوام کی خدمت کے عزم کو مزید آگے بڑھائے گی وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی مرکز اور صوبے میں ایک اہم اتحادی جماعت کی حیثیت سے کلیدی سیاسی کردار ادا کر رہی ہے اور اس کی تنظیمی مضبوطی صوبائی و قومی سیاست پر مثبت اثرات مرتب کرے گی۔

CamScanner

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | اتوار 04 ربیع الثانی 1447ھ 28 ستمبر 2025ء، صفحات 24 | شمارہ 83

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 40 روپے

# وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی بی اے پی کے منتخب عہدیداروں کو مبارکباد

## نئی قیادت صوبے اور ملک کے عوام کی خدمت کے عزم کو مزید آگے بڑھائے گی

### پارٹی مرکز اور صوبے میں اتحادی جماعت کی حیثیت سے کلیدی سیاسی کردار ادا کر رہی ہے

کوئٹہ (خ ن): وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان عوامی پارٹی کے انٹرا پارٹی انتخابات میں کامیاب ہونے والے تمام نومنتخب مرکزی و صوبائی عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ انتخابات شفافیت اور جمہوریت کی روشن مثال ہیں وزیراعلیٰ نے وفاقی وزیر نوابزادہ خالد حسین مگسی کو مرکزی صدر، سینیٹر منظور کاکڑ کو مرکزی سیکریٹری جنرل،...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

سردار صالح محمد بھوتانی کو صوبائی صدر بلوچستان اور حاجی مٹھا خان کاکڑ کے صوبائی جنرل سیکرٹری منتخب ہونے پر بھی مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا اپنے تہنیتی پیغام میں وزیراعلیٰ نے تمام نو منتخب عہدیداروں کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ بی اے پی کی نئی قیادت صوبے اور ملک کے عوام کی خدمت کے عزم کو مزید آگے بڑھائے گی وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی مرکز اور صوبے میں ایک اہم اتحادی جماعت کی حیثیت سے کلیدی سیاسی کردار ادا کر رہی ہے اور اس کی تنظیمی مضبوطی صوبائی و قومی سیاست پر مثبت اثرات مرتب کرے گی انہوں نے کہا کہ بی اے پی کے انٹرا پارٹی انتخابات جماعت کے اندر بہترین جمہوری عمل اور شفافیت کے مظہر ہیں

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 284 | اتوار، 4 ربیع الثانی، 28 ستمبر 2025ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے


# بی اے پی کے انتخابات جمہوریت کی روشن مثال، وزیر اعلیٰ

## تمام نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد، بی اے پی مرکز وصوبے میں اہم اتحادی ہے

## نومنتخب قیادت عوامی امنگوں کی ترجمانی، ملک کی تعمیر وترقی میں کردار ادا کرے گی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان عوامی پارٹی کے انٹرا پارٹی انتخابات میں کامیاب ہونے والے تمام نومنتخب مرکزی وصوبائی عہدیداران (باقی صفحہ 5 نمبر 20)

کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ انتخابات شفافیت اور جمہوریت کی روشن مثال ہیں وزیر اعلیٰ نے وفاقی وزیر نوابزادہ خالد حسین مگسی کو مرکزی صدر، سینیٹر منظور کاکڑ کو مرکزی سیکریٹری جنزل، سردار صالح محمد بھوتانی کو صوبائی صدر بلوچستان اور حاجی مٹھا خان کاکڑ کے صوبائی جنرل سیکرٹری منتخب ہونے پر بھی مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا اپنے تہنیتی پیغام میں وزیر اعلیٰ نے تمام نومنتخب عہدیداروں کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ بی اے پی کی نئی قیادت صوبے اور ملک کے عوام کی خدمت کے عزم کو مزید آگے بڑھائے گی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی مرکز اور صوبے میں ایک اہم اتحادی جماعت کی حیثیت سے کلیدی سیاسی کردار ادا کر رہی ہے اور اس کی تنظیمی مضبوطی صوبائی وقومی سیاست پر مثبت اثرات مرتب کرے گی انہوں نے کہا کہ بی اے پی کے انٹرا پارٹی انتخابات جماعت کے اندر بہترین جمہوری عمل اور شفافیت کے مظہر ہیں نومنتخب قیادت نہ صرف عوامی امنگوں کی ترجمانی کرے گی بلکہ صوبے اور ملک کی تعمیر وترقی میں بھی بھرپور کردار ادا کرے گی۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اس یقین کا اظہار کیا کہ نومنتخب ٹیم پارٹی کو مزید فعال ومتحرک بنانے کے ساتھ ساتھ عوامی خدمت کے نئے باب رقم کرے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 5

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 29 اتوار 28 ستمبر 2025ء بمطابق 04 ربیع الثانی 1447ھ قیمت 20 روپے شمارہ 264

# وزیر اعلیٰ کی بی اے پی کے نو منتخب عہدیداروں کو مبارکباد

## بی اے پی کی نئی قیادت ملک وصوبے کے عوام کی خدمت کے عزم کو آگے بڑھائے گی، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان عوامی پارٹی (بی اے پی) کے انٹرا پارٹی انتخابات میں منتخب ہونے والے مرکزی و صوبائی عہدیداروں کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے نوابزادہ خالد حسین مگسی کے مرکزی صدر اور سینیٹر منظور کاکڑ کے مرکزی سیکریٹری جنرل منتخب ہونے پر خوشی اور نیک تمناں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ انتخاب پارٹی کے اندر جمہوری رویوں اور عوامی اعتماد کی عکاسی ہے۔ اسی طرح انہوں نے سردار صالح بھوتانی کے صوبائی صدر بلوچستان اور حاجی مٹھا خان کاکڑ کے جنرل سیکریٹری منتخب ہونے پر بھی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی مرکز اور صوبے میں اتحادی جماعت کی حیثیت سے کلیدی سیاسی کردار ادا کر رہی ہے۔ بی اے پی کے حالیہ انٹرا پارٹی انتخابات اس بات کا ثبوت ہیں کہ جماعت کے اندر جمہوری اقدار کو مضبوطی سے فروغ دیا جا رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے اس امید کا اظہار کیا کہ بی اے پی کی نئی قیادت عوامی مسائل کے حل، صوبے کی ترقی اور ملک کی سیاسی و جمہوری استحکام کے لیے بھرپور کردار ادا کرے گی۔ ان کے بقول نو منتخب عہدیداران ملک اور صوبے کے عوام کی خدمت کے عزم کو آگے بڑھائیں گے اور مثبت تبدیلی کی راہ ہموار کریں گے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

t No. 1

Page No. 6

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر-24 | اتوار 28 ستمبر 2025ء بمطابق 04 ربیع الثانی 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-264

# بی اے پی کے انتخابات شفافیت اور جمہوریت کی روشن مثال ہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان

## نئی قیادت صوبے اور ملک کے عوام کی خدمت کے عزم کو مزید آگے بڑھائے گی

کوئٹہ، (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان عوامی پارٹی کے انٹرا پارٹی انتخابات میں کامیاب ہونے والے تمام نو منتخب مرکزی و صوبائی عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ انتخابات شفافیت اور جمہوریت کی روشن مثال ہیں (بقیہ نمبر 26 صفحہ نمبر 2 پر)

وزیر اعلیٰ نے وفاقی وزیر نوابزادہ خالد حسین مگسی کو مرکزی صدر، سینیٹر منظور کاکڑ کو مرکزی سیکریٹری جنرل، سردار صالح محمد بھوتانی کو صوبائی صدر بلوچستان اور حاجی مٹھا خان کاکڑ کے صوبائی جنرل سیکرٹری منتخب ہونے پر بھی مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا اپنے تہنیتی پیغام میں وزیر اعلیٰ نے تمام نو منتخب عہدیداروں کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ بی اے پی کی نئی قیادت صوبے اور ملک کے عوام کی خدمت کے عزم کو مزید آگے بڑھائے گی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی مرکز اور صوبے میں ایک اہم اتحادی جماعت کی حیثیت سے کلیدی سیاسی کردار ادا کر رہی ہے اور اس کی تنظیمی مضبوطی صوبائی و قومی سیاست پر مثبت اثرات مرتب کرے گی انہوں نے کہا کہ بی اے پی کے انٹرا پارٹی انتخابات جماعت کے اندر بہترین جمہوری عمل اور شفافیت کے مظہر ہیں نو منتخب قیادت نہ صرف عوامی امنگوں کی ترجمانی کرے گی بلکہ صوبے اور ملک کی تعمیر و ترقی میں بھی بھرپور کردار ادا کرے گی ۔وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اس یقین کا اظہار کیا کہ نو منتخب ٹیم پارٹی کو مزید فعال و متحرک بنانے کے ساتھ ساتھ عوامی خدمت کے نئے باب رقم کرے گی

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 28 SEP 2025 Page No. 7

## راحیلہ درانی بلوچستان گرلز گائیڈ کی چیف مقرر

**میری اولین کوشش ہوگی کہ اس اہم ذمہ داری کو احسن انداز میں سرانجام دوں، راحیلہ درانی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی کو بلوچستان گرلز گائیڈ کا چیف گائیڈ مقرر کرنے کے حوالے سے کوئٹہ میں تقریب کا انعقاد، تقریب میں ارکین قومی اسمبلی نزہت صادق اور اختر بی بی کی خصوصی طور پر شرکت۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے کہا کہ یہ میرے اور صوبہ کے لئے اعزاز کی بات ہے بحثیت چیف گائیڈ بلوچستان گرلز گائیڈ ایسوی ایشن فرائض سنبھال رہی ہوں اور میری اولین کوشش ہوگی کہ اس اہم ذمہ داری کو بھی احسن انداز میں سرانجام دوں۔ صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے کہا کہ وزیر اعظم پاکستان محمد شہباز شریف اور وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبہ بلوچستان کی خواتین خصوصاً" بچیوں کی تعلیم اور فلاح و بہبود کے لئے تمام وسائل کو بروئے کار لانے اور متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی معاونت سے اچھے منصوبے لا رہے ہیں جس کے دورس نتائج سامنے آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ گرلز گائیڈ نے بلوچستان میں ہمیشہ اپنی خدمات سے صوبہ کا سافٹ امیج اجاگر کیا ہے اس شعبے کو فروغ دے کر ہم عالمی دنیا میں بھی اپنے بچیوں کے لئے تعلیم اور روزگار کے نئے دروازے کھول سکتے ہیں۔

## بلوچستان میں معدنیات راہداری قائم کی جائیگی، احسن اقبال

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ سی پیک فیز 2 کا آغاز کردیا گیا ہے جسکے تحت بلوچستان کی معدنیات کو گوادر سے جوڑنے کیلئے راہداری قائم کی جائیگی، سی پیک فیز ٹو گورنمنٹ ٹو گورنمنٹ کی بجائے بزنس ٹو بزنس تعاون پر زور دے گا، چینی کمپنیوں کی پاکستان میں سرمایہ کاری کیلئے سازگار ماحول مہیا کیا جائیگا۔

## نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی کے مختلف شعبوں میں آگے بڑھنا ہوگا، سردار کھیتران

**آج کا نوجوان اگر ٹیکنالوجی میں مہارت حاصل کرے تو وہ نہ صرف اپنی بلکہ آنیوالی نسلوں کی خوشحالی کا ذریعہ بن سکتا ہے**

بارکھان (خ ن) صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو صرف ملازمت کے مواقع فراہم کرنا کافی نہیں بلکہ انہیں جدید دور کی نئی ٹیکنالوجیز خصوصاً آرٹیفیشل انٹیلیجنس، ڈیجیٹل اسکلز اور آئی ٹی کے شعبوں میں آگے بڑھنے کے لیے تیار کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آج کا نوجوان اگر ٹیکنالوجی میں مہارت حاصل کرے تو وہ نہ صرف اپنے لیے روزگار پیدا کرسکتا ہے بلکہ علاقے اور آنے والی نسلوں کے لیے ترقی اور خوشحالی کا ذریعہ بھی بن سکتا ہے۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ حکومت نوجوانوں کو ہنر مند بنانے اور انہیں جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرنے کے لیے منصوبوں پر کام کررہی ہے تاکہ بارکھان سمیت بلوچستان کے نوجوان عالمی معیار پر اپنا کردار ادا کرسکیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ بارکھان کے عوام نے ہمیشہ ان پر اعتماد کیا ہے اور وہ عوامی اعتماد پر پورا اترنے کے لیے دن رات کوشاں ہیں۔ انہوں نے وفود کو یقین دہانی کرائی کہ عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی کے لیے تمام وسائل بروئے کارلائے جائیں گے۔

MASHRIQ QUETTA

## کوشش ہے زمینداروں کو بروقت اور پورا پانی مہیا کیا جائے، صادق عمرانی

**زمینداروں کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے تاریخ میں پہلی بار پٹ فیڈر کینال میں 6800 کیوسک پانی کی فراہمی کو یقینی بنایا ہے**

**پانی چوری کی روک تھام کے لئے قانونی کارروائی کرتے ہوئے سنجیدگی کے ساتھ اقدامات کررہے ہیں، سینئر صوبائی وزیر ایریگیشن**

کوئٹہ + ڈیرہ مراد جمالی (سٹی رپورٹر + نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر صوبائی وزیر ایریگیشن میر محمد صادق عمرانی نے کہا ہے کہ جب سے وزارت کی ذمہ داری سنبھالی ہے پہلی بار زمینداروں کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے پٹ فیڈر کینال میں 6800 کیوسک پانی کی فراہمی کو یقینی بنایا ہے ہماری کوشش ہے کہ زمینداروں کو بروقت پورا پانی مہیا کیا جائے تاکہ اکتوبر، نومبر، دسمبر، 10 جنوری تک گندم کی کاشت کرسکے اور پانی چوری کی روک تھام کے لئے قانونی کارروائی کرتے ہوئے سنجیدگی کے ساتھ اقدامات کررہے ہیں ان خیا.........

بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

لات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی روز اول سے ہی غریب کسانوں اور ہاریوں کے مسائل کے حل کیلئے کوشاں رہی ہے اور ہمیں ان کی مشکلات کا اندازہ ہے انہیں خود کفیل بنانے کے لئے کاشت کاری کے دوران پانی کی بروقت فراہمی کو یقینی بنا کر کسانوں اور زراعت کو فروغ دیکر انہیں معاشی طور پر مضبوط بنانے کے لئے کام کررہے ہیں ہماری کوشش ہے کہ حالیہ بارشوں اور سیلاب سے پیدا ہونے والی صورتحال سے نمٹنے کے لئے پہلی ترجیح انسانوں اور ان کے گھروں کو بچا کر محفوظ بنانا ہے

## عوامی حقوق و اختیارات کی پاسداری یقینی بنارہے ہیں، وزیر صحت

**کمزور اور بے سہارا لوگوں کے حقوق اور مفادات کا بھرپور دفاع کیا جارہا ہے**

**خدمت خلق کا جذبہ ہی صحت مند معاشرے کی تشکیل کا آغاز ہے، بخت محمد کاکڑ**

کوئٹہ (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی پارٹی کے رہنما صوبائی وزیر صحت بخت محمد نے کہا ہے کہ سیاست ایک سماجی ذمہ داری ہے لوگوں میں اپنے حقوق و فرائض کا اجتماعی احساس جگانے، سماجی انصاف کا بول بالا کرنے، جمہوری رویوں کو فروغ دینے اور عوامی حقوق و اختیارات کی پاسداری کو یقینی بنانے کیلئے اپنا کردار ادا کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ......

بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

بحیثیت صوبائی وزیر لوگوں کو تقسیم کرنے کی بجائے متحد کرنے کی کوشش کی اور بے آواز اور بے سہارہ لوگوں کے حقوق اور مفادات کی بھرپور وکالت کررہے ہیں جو پیپلز پارٹی اور شہید بینظیر بھٹو کا وژن بھی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف وفود سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کیلئے معاشی وتجارتی سرگرمیوں کو فروغ دیکر آسانیاں پیدا کرے جاری ترقیاتی منصوبوں کو جلد پایہ تکمیل تک پہنچا کر ان کے ثمرات عام آدمی تک پہنچانے کیلئے ہماری بھرپور کوششیں جاری ہیں انہوں نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت سب سے بڑی خدمت ہے اور خدمت خلق کے جذبہ سے سرشار ہونا ہی ایک صحت مند معاشرے کی تشکیل کا آغاز ہے۔ ہم نے اپنے سیاسی اکابرین سے یہی سبق حاصل کیا ہے کہ زندگی میں بلاتفریق دوسروں کیساتھ تعاون کریں۔

## محکمہ ریونیو، عوام کو جدید سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دے رہا ہے' عاصم کرد گیلو

**مشکلات ختم کرکے شفاف ریونیو سسٹم قائم کرنے سے اداروں پر اعتماد بحال ہوگا' وزیر ریونیو بلوچستان**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر ریونیو بلوچستان میر عاصم کرد گیلو نے کہا ہے کہ محکمہ ریونیو میں شفافیت اور تیز رفتار سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، اور اس حوالے سے عوامی شکایات کے ازالے کے لیے خصوصی ہیلپ لائن بھی قائم کی جارہی ہے' یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ عوام کو بہتر اور شفاف سہولیات فراہم کرنے کے لیے صوبے میں ریونیو نظام کو جدید خطوط پر استوار کیا جارہا ہے۔ اس مقصد کے لیے تمام رجسٹری، زمینوں کے ریکارڈ اور دیگر ریونیو امور کو کمپیوٹرائزڈ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے تاکہ عوام کو کسی بھی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ وزیر ریونیو نے کہا کہ اس اقدام سے نہ صرف بدعنوانی میں کمی آئے گی بلکہ عوام کا قیمتی وقت بھی بچے گا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ صوبے کے تمام اضلاع میں جدید سروس سینٹرز قائم کیے جائیں گے جہاں شہری اپنی زمینوں اور جائیدادوں کے حوالے سے درست اور بروقت معلومات حاصل کرسکیں گے۔ وزیر ریونیو کا کہنا تھا کہ ہمارا مقصد عوام کو درپیش مشکلات ختم کرنا اور ایک جدید و شفاف ریونیو سسٹم قائم کرنا ہے عوامی حلقوں نے وزیر ریونیو کے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ اس سے شہریوں کو سہولت ملے گی اور سرکاری اداروں پر اعتماد میں اضافہ ہوگا۔

Century Express Quetta

## بلوچستان میں پی پی کا بیڑہ غرق کردیا گیا، علی حسن زہری

**سردار گورگیج کے آنے کے بعد ہم سب مل کر یہاں کام کرکے دکھائیں گے**

کوئٹہ (آن لائن) پیپلز پارٹی کے رہنما صوبائی وزیر زراعت میر علی حسن زہری نے وزیراعلی بلوچستان پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلی نے صوبے میں پارٹی کا بیڑہ غرق کردیا ہے۔ بلوچستان کے علاقے وندر میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے علی حسن زہری نے کہا کہ وزیراعلی نے صوبے میں پارٹی کا بیڑہ غرق کردیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ (ن) لیگ کے پاس جاکر خود کو ان کا ساتھی ظاہر کرتے ہیں اور ہمارے پاس آکر کہتے ہیں میں آپ کا ہوں۔ صوبائی وزیر زراعت نے مزید کہا کہ پارٹی کے ساتھ وہ سلوک کیا گیا جو سوتیلی ماں بھی نہیں کرتی۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ صوبائی صدر سردار عمر گورگیج کی آمد کے بعد حالات بہتر ہوں گے اور ہم سب مل کر یہاں کام کرکے دکھائیں گے تاکہ لوگوں کی مشکلات کم ہوں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 28 SEP 2025

Page No. 8


## بلوچستان میں ایک سال خدمات سرانجام دینے والے پولیس افسران کا تبادلہ

**مقررہ مدت مکمل کرنے کے بعد بلوچستان سے ریلیو کر دیے گئے، مزید 3 افسران کی خدمات حکومت بلوچستان کے سپرد**

کوئٹہ (نسیم حمید یوسفزئی) وفاقی حکومت نے پولیس سروس آف پاکستان کے متعدد ایس پی اور اے ایس پی رینک کے افسران کی بلوچستان سے تبادلے اور تعیناتی کے احکامات جاری کردیے ہیں، کابینہ سیکریٹریٹ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کے نوٹیفکیشن کے مطابق پولیس سروس آف پاکستان کے 13 افسران جو گزشتہ ایک سال سے بلوچستان میں خدمات انجام دے رہے تھے اپنی مقررہ مدت مکمل کرنے کے بعد بلوچستان سے ریلیو کردیے گئے ہیں جن میں عاطف عامر، کیپٹن (ریٹائرڈ) سردار محمد شہریار خان، اسامہ امین چیمہ، فلائٹ لیفٹیننٹ ریٹائرڈ ذیشان علی، رانا محمد دلاور، شہزاد اکبر، حسنین وارث، اختر نواز، محمد عثمان، اویس علی خان، رحمت اللہ، خرم مبیسر اور عبداللہ احسان شامل ہیں، اب یہ افسران اپنے صوبوں اور ڈویژن میں خدمات انجام دیں گے، اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے حکومت کو ان افسران کی ماہانہ کارکردگی رپورٹ ارسال کرنے کی بھی ہدایت کی ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## امن وامان کی صورتحال بہتر، عوام کو مکمل تحفظ فراہم کرینگے، آئی جی بلوچستان

**پولیس کے جوان عوام کے ساتھ دوستانہ رویہ اپنانے کے ساتھ امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائیں، محمد طاہر**

**پولیس کی پیشہ ورانہ مہارت اور عوامی تعاون سے ہی علاقے میں امن قائم رکھا جاسکتا ہے جس کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے**

**آئی جی پولیس کا دورہ مستونگ، دربار سے خطاب، پولیس افسران اور جوانوں کے مسائل سے آگاہی حاصل، حل کرانے کی یقین دہانی**

کوئٹہ (آن لائن) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا کہ امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور عوام کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ مستونگ کے دورے کے موقع پر پولیس دربار میں افسران اور جوانوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ان کے ہمراہ پولیس کے اعلیٰ افسران بھی موجود تھے آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے پولیس کے جوانوں کو ہدایات دیں کہ وہ عوام کے ساتھ دوستانہ رویہ اپنائیں اور امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے کیلئے ہر ممکن ......... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

اقدامات کریں پولیس کی پیشہ ورانہ مہارت اور عوامی تعاون سے ہی علاقے میں امن وامن قائم رکھا جاسکتا ہے آئی جی پولیس نے پولیس دربار میں پولیس کے افسران اور جوانوں کے مسائل سنے اوران کو ترجیح بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔



آئی جی پولیس محمد طاہر ڈسٹرکٹ مستونگ دورے کے موقع پر پولیس دربار سے خطاب کررہے ہیں

## چمن: پاک افغان بارڈرز پر امیگریشن کاؤنٹرز کی تعداد 16 کردی گئی

**خواتین اور چائنیز شہریوں کیلئے خصوصی کاؤنٹرز قائم، عوام فورسز کیساتھ تعاون کریں، ایف آئی اے**

چمن (یو این اے) چمن پاک افغان بارڈر پر عوامی مشکلات کے پیش نظر امیگریشن کاؤنٹرز کی تعداد میں اضافہ کردیا گیا ہے۔ پہلے 4 کاؤنٹرز تھے اب انکی تعداد بڑھا کر داخلی اور خارجی 16 کاؤنٹرز فعال کردیے گئے ہیں تاکہ عوامی دباؤ کم ہوسکے۔ ایف آئی اے کے اے ڈی عبدالغفار کی ہدایت پر ایس ایچ او راحیل رضا نے میڈیا کو بارڈر کراسنگ پوائنٹ کا د......... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

ورہ کروایا اور بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ پاسپورٹ پر ون ڈاکومنٹ رجیم کے تحت عوامی مشکلات کے پیش نظر رجسٹریشن کے عمل کو تیز کردیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اب ہر کاؤنٹر پر دو اہلکار انٹری اور اسکیننگ کرتے ہیں جس سے نہ صرف لمبی قطاروں کا خاتمہ ہوا بلکہ یومیہ 7 سے 8 ہزار افراد آسانی سے رجسٹرڈ اور اسکین ہوجاتے ہیں۔ ایس ایچ او راحیل رضا نے مزید کہا کہ بارڈر پر خواتین اور مردوں کے لیے علیحدہ کاؤنٹرز قائم کیے گئے

## پلاسٹک تھیلیوں اور منی پٹرول پمپس کے خلاف انتظامیہ کی کارروائی

**500 کلو پلاسٹک شاپرز ضبط، 18 گرفتار، 11 جیل منتقل، 10 منی پٹرول پمپس سیل**

کوئٹہ (یو این اے) ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے ممنوعہ پلاسٹک تھیلیوں، پرائس کنٹرول اور زیادہ رش والے علاقوں میں قائم غیر قانونی منی پیٹرول پمپس کے خلاف بھرپور کارروائیاں کی گئیں۔ ان کارروائیوں کے دوران 500 کلو گرام ممنوعہ پلاسٹک تھیلے ضبط کرکے 18 افراد گرفتار کرلیا جبکہ 11 افراد جیل منتقل کرکے 8 پلاسٹک شاپر ہولسیلرز کی دکانیں اور ایک گودام سیل کرنے کے علاوہ 10 منی پیٹرول پمپس سیل کردیے گئے۔ ضلعی انتظامیہ کی ٹیموں نے سب ڈویژن صدر، سب ڈویژن سریاب، سب ڈویژن سٹی اور سب ڈویژن کچلاک میں کارروائیاں کرتے ہوئے پلاسٹک شاپرز فروخت و استعمال کرنے والوں، قصاب خانوں، تندوروں اور زیادہ رش والے علاقوں میں قائم غیر قانونی منی پیٹرول پمپس کے خلاف سخت ایکشن لیا۔ یہ کارروائیاں اسسٹنٹ کمشنر کچلاک احسام الدین کاکڑ، اسپیشل مجسٹریٹ ڈاکٹر عمران زیب، اسپیشل مجسٹریٹ عزت اللہ اسپیشل مجسٹریٹ لیاقت علی جتوئی اور اسپیشل مجسٹریٹ حبیب سردار کی زیر نگرانی انجام دی گئیں۔ ضلعی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ عوامی صحت، ماحولیاتی تحفظ اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کے لیے ایسے اقدامات جاری رہیں گے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی۔

## 2024: بلوچستان میں 23 ہزار سے زائد ٹریفک حادثات رپورٹ

**418 افراد جان کی بازی ہار گئے، 31 ہزار 854 زخمی ہوئے، میڈیکل ایمرجنسی رسپانس سنٹر**

کوئٹہ (یو این اے) میڈیکل ایمرجنسی رسپانس سنٹر کی رپورٹ کے مطابق سال 2024 کے دوران بلوچستان کی سات بڑی شاہراہوں پر 23 ہزار سے زائد حادثات پیش آئے، جن میں 418 افراد جان کی بازی ہار گئے جبکہ 31 ہزار 854 زخمی ہوئے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ صوبے میں ٹریفک حادثات معمول بنتے جارہے ہیں۔ ماہرین کے مطابق نا......... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

قص اور خستہ حال سڑکیں، سنگل ٹریک ہائی ویز اور ٹریفک قوانین پر عمل درآمد نہ ہونا بلوچستان میں ٹریفک حادثات کی بڑی وجوہات ہیں۔

INTEKHAB QUETTA

## 25 سال بعد صوبائی ڈرگ ٹیسٹنگ لیب اپ گریڈ اور فعال

**جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ لیب صحت کے معیار کی بہتری میں سنگ میل ثابت ہوگی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان حکومت نے صحت کے شعبے میں ایک اور اہم اقدام اٹھاتے ہوئے صوبائی ڈرگ ٹیسٹنگ لیب کو 25 سال بعد اپ گریڈ کرکے جدید تقاضوں کے مطابق فعال کردیا ہے۔ یہ اقدام صحت کے معیار کو بہتر بنانے اور عوام کو معیاری ادویات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے اہم ہے۔ جدید آلات اور ٹیکنالوجی سے آراستہ کی جانے والی لیب نہ صرف صحت کے شعبے میں بقیہ نمبر 9 صفحہ 5 پر

نئے معیارات قائم کرے گی، بلکہ یہ ادویات کی جانچ پڑتال کے عمل کو مزید موثر اور شفاف بھی بنائے گی، جس سے صوبے کے عوام کو محفوظ اور صحت مند زندگی گزارنے میں مدد ملے گی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 28 SEP 2025

Page No. 9


## ٹرانسپورٹرز کو ہر سطح پر تحفظ فراہم کیا جائے، ڈاکٹر مالک

### سندھ بلوچستان ٹرانسپورٹرز یونین کے مسائل اسمبلی فلور پر بھی اٹھائیں گے، گفتگو

تربت (نامہ نگار) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر اور بلوچستان کے سابق وزیر اعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے سندھ بلوچستان ٹرانسپورٹرز یونین کے مطالبات کو جائز قرار دیتے ہوئے حکومت بلوچستان سے کہا ہے کہ ٹرانسپورٹرز کو ہر سطح پر تحفظ فراہم کیا جائے تاکہ وہ بلاخوف وخطر اپنی سروس جاری رکھ سکیں۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے یونین کے چیئرمین سیٹھ اقبال شازی سے خصوصی ملاقات کی جس میں یونین کی حالیہ ہڑتال، درپیش مشکلات اور ٹرانسپورٹ سیکٹر کو درپیش مسائل پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔ اس موقع پر چیک پوسٹوں پر ٹرانسپورٹرز کی مشکلات اور رات کی سفری سروس کی بحالی جیسے اہم امور بھی زیر بحث آئے۔ انہوں نے سیٹھ اقبال شازی کو مکمل یقین دہانی کرائی کہ وہ ان مسائل کو صوبائی اسمبلی فلور پر اٹھائیں گے اور ذاتی طور پر وزیر اعلیٰ بلوچستان سے ملاقات کر کے ٹرانسپورٹرز کے معاملات ان کے سامنے رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ بلوچستان ٹرانسپورٹرز یونین کے مسائل برحق ہیں اور ان کا حل صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے۔

## روٹی کپڑا مکان کے دعویدار عوام سے جینے کا حق چھین رہے ہیں، بی این پی

### فورسز کی مبینہ فائرنگ سے مزدور کی شہادت کی شفاف تحقیقات کرائی جائے، بیان

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں مستونگ کے میجر چوک پر سیکورٹی فورسز کی زمیاد گاڑی پر مبینہ فائرنگ سے مزدور کو شہید کرنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ روٹی، کپڑا اور مکان دینے کے دعویدار حکمران بارڈر اور کاروبار بند کر کے بلوچستانی عوام سے جینے کا حق بھی چھین رہے ہیں چیک پوسٹوں پر بھتہ خوری کا کوئی نوٹس لینے والا نہیں مگر کوئی انسان اپنے بچوں کی دو وقت کی روٹی کیلئے سینکڑوں کلومیٹر دور سے آرہا ہو تو اسے ہراساں یا تشدد کا نشانہ بنایا جاتا ہے جو کسی صورت درست عمل نہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ معاملے کو رفع دفع کرنے کی بجائے واقعے میں ملوث اہلکاروں کے خلاف مقدمہ درج کر کے شفاف تحقیقات کی اور ذمہ داروں کو سزا دی جائے۔ بیان میں شہید آغا خالد شاہ دلسوز کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ شہید کی بلوچ جہد، قوم دوستی، وطن دوستی کے لئے جدوجہد رائیگاں نہیں جائے گی۔

## بلوچستان میں لگی آگ کو بجھانے میں سب کردار ادا کریں، مولانا ہدایت

### باصلاحیت، باکردار، دیانتدار لوگ وقیادت تیار کرنے کی ضرورت ہے، سیمینار سے خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی واس کے ہم خیال تعلیمی اداروں میں 30 سے 35 ہزار طلباء وطالبات زیر تعلیم ہیں، افراد سازی پر توجہ دینے کے ساتھ ایماندار و اقامت دین کے سپاہی تیار کرنے کی ضرورت ہے، بلوچستان میں لگی آگ کو بجھانے میں سب کو کردار ادا کرنا چاہئے۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کو کوئٹہ پریس کلب میں جماعت اسلامی وہم خیال تعلیمی اداروں کے ڈائریکٹرز کے ایک روزہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ سیمینار سے ماہرین تعلیم عامر زیب، ڈاکٹر فضل الٰہی، نثار موسیٰ، زاہد اختر بلوچ، عبدالنعیم رند، طیب فرید خان، مولانا عبدالحمید منصوری نے بھی خطاب کیا۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ باصلاحیت، باکردار، دیانتدار اچھے لوگ وقیادت تیار کرنے کی ضرورت ہے۔

## مستونگ واقعے کے ذمہ داروں کے خلاف مقدمہ درج کیا جائے، نیشنل پارٹی

### سیکورٹی فورسز کے ہاتھوں بے گناہ زامیاد ڈرائیور کا قتل قابل مذمت ہے، صوبائی ترجمان

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نیشنل پارٹی کے صوبائی ترجمان نے مستونگ میں سیکورٹی فورسز کے ہاتھوں بے گناہ زامیاد ڈرائیور کے قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ مذکورہ اہلکار و ذمہ دار افسران کے خلاف مقدمہ درج کر کے انہیں گرفتار کیا جائے جو محض بھتہ وصولی کے لیے نہتے شہریوں پر گولیاں برساتے ہیں، ترجمان نے واضح کیا ہے کہ بلوچستان میں حکومت نام کی کوئی وجود نہیں ہر جانب بندوق برداروں کی حکومت ہے اور شہری مکمل طور پر بندوق برداروں کے رحم وکرم پہ ہیں عوام نان شبینہ کے محتاج ہیں جو لوگ اپنے بچوں کو پالنے کے لیے محنت مزدوری کرتے ہیں انہیں سڑکوں پہ امن وامان کے نام پہ کھڑے دن رات لوگوں کی عزت نفس مجروح کرتے ہیں ان کو نہ امن سے غرض ہے نہ امان سے کوئی سروکار یہ دن رات بھتہ کا پیسہ بٹورتے رہتے ہیں انکار پر گولیاں چلا کر لوگوں کے گھر اجاڑ دیتے ہیں ان سے کوئی پوچھنے والا نہیں۔

INTEKHAB QUETTA

## خالد مگسی بی اے پی کے صدر اور منظور کاکڑ سیکرٹری جنرل منتخب

### وزیراعلیٰ کی نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد

### انٹرا پارٹی انتخابات میں صالح بھوتانی صوبائی صدر اور حاجی مٹھا کاکڑ جنرل سیکرٹری ہوگئے، تمام عہدیدار بلامقابلہ منتخب، اعلان صادق سنجرانی نے کیا

### عوام کی خدمت منشور، وفاق بلوچستان کو بھی اپنی اکائی سمجھے، سرحدی تجارت کی بندش سے عوام بیروزگار ہیں، خالد مگسی، منظور کاکڑ و دیگر کا کونسل سیشن سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی + خ ن) بلوچستان عوامی پارٹی کے انٹرا پارٹی انتخابات مکمل، نوابزادہ خالد مگسی مسلسل دوسری بار بلامقابلہ صدر، منظور احمد کاکڑ چوتھی بار بلامقابلہ سیکرٹری جنرل اور سردار محمد صالح بھوتانی دوسری مرتبہ صوبائی صدر منتخب ہوگئے۔ ہفتہ کو بلوچستان بوائز اسکاؤٹس کوئٹہ بقیہ نمبر54 صفحہ 5 پر

میں بی اے پی کا مرکزی کونسل سیشن منعقد ہوا جس میں کہدہ بابر کی سربراہی میں نوابزادہ یحییٰ جوگیزئی اور روزاے جان پر مشتمل الیکشن کمیشن نے انٹرا پارٹی انتخابات کا اعلان کیا۔ انتخابات میں پارٹی کے مرکزی صدر کے عہدے کے لئے تین جبکہ سیکرٹری جنرل کے لئے پانچ امیدواروں نے کاغذات نامزدگی جمع کروائے جس کے بعد صدر کے لئے نوابزادہ خالد مگسی اور سیکرٹری جنرل کے لئے سینیٹر منظور کاکڑ کے علاوہ دیگر امیدواروں نے کاغذات نامزدگی واپس لے لئے جس کے بعد رکن قومی اسمبلی نوابزادہ خالد مگسی بلامقابلہ دوسری بار بلوچستان عوامی پارٹی کے صدر اور سینیٹر منظور کاکڑ چوتھی بار بلامقابلہ سیکرٹری جنرل منتخب ہوگئے۔ بعد ازاں رکن اسمبلی میر صادق سنجرانی نے پارٹی کے مرکزی اور صوبائی عہدیداروں کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ بی اے پی کے مرکزی صدر نوابزادہ خالد مگسی کی مشاورت سے کہدہ بابر، سینیٹر عبدالقادر، نور خان ترین، نصیب اللہ بازئی مرکزی سینئر نائب صدور، پرنس آغا عمر احمدزئی مرکزی نائب صدر، میر ضیا لانگو مرکزی سیکرٹری اطلاعات، سینیٹر دنیش کمار مرکزی اقلیتی ونگ کے صدر، سردار محمد صالح بھوتانی صوبائی صدر بلوچستان، حاجی مٹھا خان کاکڑ جنرل سیکرٹری، سینیٹر فدا احمد خان صدر خیبر پختونخوا، راجہ رمیش لعل مگسی مرکزی سیکرٹری جنرل اقلیتی ونگ، اعجاز سنجرانی صوبائی سینئر نائب صدر، نصر الدین، سردار تخی جان صوبائی نائب صدر، اکبر آسکانی، یحییٰ جوگیزئی نائب صدور، روزاے جان اقلیتی ونگ کے صوبائی صدر، زبیدہ جلال خواتین ونگ کی مرکزی صدر، روبینہ عرفان مرکزی جنرل سیکرٹری خواتین ونگ، فرح عظیم شاہ خواتین ونگ کی صوبائی صدر، لیلیٰ ترین صوبائی جنرل سیکرٹری خواتین ونگ، احسان اللہ خاکسار کوئٹہ سٹی کے صدر، روبینہ شاہ، ملائکہ سالانی، رئیسہ مگسی نائب صدر خواتین ونگ مقرر ہوگئے۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان عوامی پارٹی کے انٹرا پارٹی انتخابات میں کامیاب ہونے والے تمام نو منتخب مرکزی وصوبائی عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ انتخابات شفافیت اور جمہوریت کی روشن مثال ہیں وزیر اعلیٰ نے وفاقی وزیر نوابزادہ خالد حسین مگسی کو مرکزی صدر، سینیٹر منظور کاکڑ کو سیکرٹری جنرل، سردار صالح محمد بھوتانی کو صوبائی صدر اور حاجی مٹھا خان کاکڑ کو صوبائی جنرل سیکرٹری منتخب ہونے پر بھی مبارکباد دی۔

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ بلوچستان میں قیام امن اور خوشحالی کے لئے بقیہ نمبر53 صفحہ 5 پر

وفاق کو صوبے کو دیگر علاقوں کی طرح اپنی اکائی سمجھنا ہوگا، بلوچستان کے سرحدی علاقوں میں تجارت کی بندش سے لوگ بے روزگاری کا شکار ہیں، سرحدی تجارت کو بحال کیا جائے، بی اے پی کی ایک بار پھر بہار آئی ہے، پارٹی بلوچستان کے عوام کی خدمت کے لئے ہمہ وقت حاضر ہے۔ یہ بات بلوچستان عوامی پارٹی کے نومنتخب صدر رکن قومی اسمبلی نوابزادہ خالد مگسی، سیکرٹری جنرل سینیٹر منظور خان کاکڑ، رکن اسمبلی محمد صادق سنجرانی، چیف آرگنائزر میر جان محمد جمالی، خیبر پختونخوا کے صدر فدا محمد حسین نے ہفتہ کو بوائز اسکاؤٹس کوئٹہ میں بی اے پی کے مرکزی کونسل سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ بی اے پی کے نومنتخب صدر نوابزادہ خالد مگسی نے ہماری جماعت میں کارکن اور رہنماؤں میں کوئی تفریق نہیں، سب ملکر کام کرتے ہیں، ہمارا منشور عوام کی خدمت اور مسائل کا حل ہے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی کے دور حکومت میں بلوچستان میں ریکارڈ ترقیاتی کام ہوئے، آئندہ بھی پارٹی عوام اور صوبے کی خدمت جاری رکھے گی۔ سینیٹر منظور کاکڑ نے کہا کہ پارٹی نے ہمیشہ صوبے کی بہتری کے لئے کام کیا، کارکن ہمارا اثاثہ ہیں جنہوں نے دن رات محنت کر کے پارٹی کو زندہ رکھا ہے۔ میر جان محمد جمالی نے کہا کہ پارٹی کے نئے عہدیداروں پر اب پہلے سے زیادہ ذمہ داری عائد ہوگئی ہے اب کارکن ان سے کارکردگی مانگیں گے جو انہیں دکھانی ہوگی۔ صادق سنجرانی نے کہا کہ 2018 میں بلوچستان عوامی پارٹی بنانے کا مقصد وفاق کے ساتھ ملکر بلوچستان کی ترقی اور آواز بننا تھا۔ بی اے پی کے دور حکومت میں جتنے بھی کام ہوئے وہ تاریخ کا حصہ ہیں۔

CamScanner

امن وامان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 28 SEP 2025

Page No. 10

## ڈیرہ بگٹی: دوگروپوں میں تصادم، دوبھائیوں سمیت تین افراد جاں بحق

**لیویز اور فورسز نے موقع پر پہنچ کر تصادم کو بڑھنے سے روکا، علاقے میں شدید کشیدگی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈیرہ بگٹی سوئی سونجو صعفاری میں دو گروپ میں تصادم فائرنگ دو سگے بھائیوں سمیت تین افراد جاں بحق جبکہ ایک قبائلی رہنما کا بیٹا زخمی ہو گیا لیویز کے مطابق ڈیرہ بگٹی کے علاقے سوہ بجو صعفاری میں گزشتہ روز دو گروپ میں تصادم ہوا فائرنگ کے نتیجے میں واشو ہوا ہکانی اس کا بھائی اور جا کرانی بگٹی ہلاک ہو گیا جبکہ قبائلی رہنما کا بیٹا حامد جا کرانی بگٹی شدید زخمی ہو گیا اطلاع ملنے پر لیویز اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر تصادم کو بڑھنے سے روک کر لاشوں اور زخمیوں کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثا کے حوالے کردی علاقے میں شدی کشیدگی پائی جاتی ہے۔

## ڈیرہ مراد جمالی، فائرنگ سے ایک شخص ہلاک

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب پولیس تھانہ منجھوشوری کی حدود میں روپا پل کے مقام پر مسلح افراد نے فائرنگ کر کے مقامی ہوٹل میں بیٹھے ہوئے ایک شخص کو ہلاک کردیا ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے واقعہ کی وجہ پرانی دشمنی بتائی جاتی ہے۔

## ڈکی: پھندا لگی اور تیزاب سے جھلسی ہوئی دو لاشیں برآمد

**نوجوان سید شاہ کو گلے میں پھندا ڈال کر مارا گیا، حکیم جان پر تشدد کے بعد چہرے اور نازک اعضاء پر تیزاب پھینک دیا گیا**

ڈکی (نامہ نگار) مختلف مقامات سے پھندا لگی اور تیزاب سے جھلسی ہوئی دو لاشیں برآمد کر لی گئیں۔ لیویز کے مطابق ڈکی کے علاقہ خالہ شہر کے قریب ندی سے ایک نوجوان سید شاہ ولد آدم شاہ قوم سید سکنہ کلی منزکی لوئی کی لاش برآمد کی گئی جسے گلے میں پھندا ڈال کر موت کے گھاٹ اتارا گیا۔ اطلاع ملتے ہی لیویز موقع پر پہنچ گئی اور لاش کو ہسپتال منتقل کر دیا۔ جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی خاندانی ذرائع کے مطابق مقتول دو روز قبل سبزی سے پک اپ لوڈ کر کے پنجاب کیلئے روانہ ہوا اور لاپتہ ہوگیا۔ اس کی لاش ہفتہ کو برآمد ہوئی۔ لیویز کے مطابق ایک دوسرے واقعہ میں ایک نوجوان حکیم جان ولد بسم اللہ جان قوم شادوزئی کی لاش یارو شہر سے اسکے گھر کے قریب سے برآمد ہوئی ہے جس پر تشدد کرنے کے بعد چہرے اور نازک اعضاء پر تیزاب پھینکا گیا۔

## نوشکی: موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے 3 افراد جاں بحق

**واقعہ کلی غریب آباد میں پیش آیا، فائرنگ کی وجوہات معلوم نہیں ہو سکی، پولیس**

نوشکی (نامہ نگار) کلی غریب آباد میں فائرنگ کے نتیجے میں 3 افراد جاں بحق ہو گئے پولیس نے جنگ کو بتایا کہ عینی شاہدین کے مطابق ایک گاڑی سے تین افراد اتر کر پیدل جا رہے تھے، موٹر سائیکل پر سوار نامعلوم مسلح افراد نے ان پر فائرنگ کے جس کے نتیجے میں تینوں افراد جاں بحق ہو گئے۔ جاں بحق ہونے والوں کی شناخت ناصر ولد جمعہ خان سکنہ غریب آباد شاہ اللہ ولد شمس الدین سکنہ کوچکی چاہ کلی عبدالرشید اور منیر احمد ولد شاہجہان سکنہ لجے توک کے نام سے ہوئی ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## ایف آئی اے ریڈ بک جاری، بلوچستان سمیت ملک بھر سے 143 انسانی اسمگلرز مطلوب

**ریڈ بک میں شامل خواتین میں اسلام آباد زون کی 4، لاہور کی 2 اور گوجرانوالہ کی ایک اسمگلر شامل، پاسپورٹ و شناختی کارڈز بلیک لسٹ**

**ایف آئی اے کی تازہ کارروائی میں غیر قانونی طور پر ایران جانے والوں کی کوشش ناکام، افغان شہریوں سمیت 11 افراد گرفتار**

کوئٹہ (یو این اے + این این آئی + نیٹ رپورٹر) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے انتہائی مطلوب انسانی اسمگلرز کی 13 ویں ریڈ بک جاری کر دی ہے۔ ایف آئی اے کے مطابق مختلف مقدمات میں ملک بھر سے 143 انسانی اسمگلرز مطلوب ہیں جن میں 7 خواتین بھی شامل ہیں۔ ریڈ بک میں شامل خواتین میں اسلام آباد زون کی........ بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

4، لاہور زون کی 2 اور گوجرانوالہ زون کی ایک اسمگلر شامل ہیں اعداد و شمار کے مطابق ایف آئی اے لاہور زون کو 14، گوجرانوالہ زون کو 70، فیصل آباد زون کو 13، ملتان زون کو 3، اسلام آباد زون کو 25، کراچی زون کو 10، جبکہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا زونز کو ایک، ایک انسانی اسمگلر مطلوب ہے کوہاٹ زون میں 6 اسمگلرز کو ریڈ بک میں شامل کیا گیا ہے۔ ایف آئی اے کے مطابق سال 2023 میں ریڈ بک میں شامل 51 انسانی اسمگلرز کو گرفتار کیا جا چکا ہے۔ ادارے نے خصوصی چھاپہ مار ٹیمیں تشکیل دے دی ہیں جبکہ ملزمان کے شناختی کارڈز اور پاسپورٹس کو بلیک لسٹ کر دیا گیا ہے۔ بیرون ملک فرار ہونے والے اسمگلرز کی گرفتاری کے لئے ریڈ نوٹس بھی جاری کر دیئے گئے ہیں دریں اثناء کوئٹہ سے این این آئی کے مطابق بلوچستان کے ساحلی علاقے جیوانی میں ایف آئی اے نے کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی ایران جانے کی کوشش کرنے والے افغان شہریوں سمیت 11 افراد کو گرفتار کرلیا

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 28 SEP 2025

Page No. 11


# بدلتے موسم نے بیماریوں میں اضافہ کر دیا، ہسپتالوں میں سہولیات ناپید

## ادویات کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں غریب طبقہ زیادہ متاثر ہو رہا ہے، شہری

## سرکاری ہپتالوں میں بلتھ کارڈ کوئنٹر بنانے کے باوجود ادویات دستیاب نہیں ہوتی، مریضوں کی شکایات

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ شہر اور گردونواح میں موسم کی اچانک تبدیلی نے عوام کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ دن کے وقت گرمی کی شدت میں اضافہ جبکہ رات کے اوقات میں سردی کے بڑھنے کے باعث نزلہ، زکام، کھانسی، بخار اور گلے کی خراش جیسی موسمی بیماریوں نے وبائی شکل اختیار کر لی ہے۔ ہسپتالوں اور کلینکس میں مریضوں کی تعداد غیر معمولی حد تک بڑھ گئی ہے، جہاں بچوں اور بزرگوں کی اکثریت موسمی اثرات کا شکار دکھائی دے رہی ہے۔ یہ بات شہریوں نے مختلف مقامات پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سرکاری اور نجی ہسپتال مریضوں کے رش کو سنبھالنے سے قاصر ہیں۔ ہسپتالوں میں علاج معالجے کی سہولیات پہلے ہی ناکافی ہیں اور اس رش کے باعث مریضوں کو گھنٹوں قطار میں انتظار کرنا پڑ رہا ہے۔ مریضوں کے لواحقین کا کہنا ہے کہ ادویات سرکاری ہسپتالوں میں دستیاب نہیں اور جو کچھ فراہم کی جاتی ہیں وہ یا تو ناقص معیار کی ہوتی ہیں یا مریضوں کی تعداد کے حساب سے ناکافی۔ شہریوں نے شکایت کی کہ بازار میں ادویات کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں جس کے باعث متوسط اور غریب طبقہ سب سے زیادہ متاثر ہو رہا ہے۔ والدین نے تشویش ظاہر کی کہ بدلتے موسم کے باعث بچے بار بار بیمار ہو رہے ہیں، مگر مہنگائی اور ادویات کی کمی کی وجہ سے علاج بروقت ممکن نہیں ہو پاتا۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹروں کی کمی اور ہسپتالوں میں سہولیات کے فقدان کی وجہ سے مریضوں کی حالت مزید خراب ہو جاتی ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو بیماریوں کے پھیلاؤ میں مزید اضافہ ہو سکتا ہے جس سے ایک بڑا صحت عامہ کا بحران پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔ شہری حلقوں نے حکومت بلوچستان اور ضلعی انتظامیہ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ ہسپتالوں میں عملے کی تعداد بڑھائی جائے، ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور بنیادی طبی سہولیات بہتر کی جائیں تاکہ عوام کو اس سنگین صورتحال سے نجات مل سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر حکومت اور متعلقہ اداروں نے بروقت اقدامات نہ کیے تو شہر میں موجود صحت کی سہولیات مزید دباؤ کا شکار ہو جائیں گی اور عوام کے مسائل بڑھتے جائیں گے۔

Century Express Quetta

# سادہ کپڑوں میں ملبوس افراد کی پولیس کے نام پر لوٹ مار

## فقیر محمد روڈ گلبرگ سٹریٹ اور ملحقہ گلیوں میں آنے والوں کو ویڈیو بنا کر ڈرانے لگے

## ایک شخص کو رکشے سے اتار کر 10 ہزار طلب کیے، ڈی آئی جی نوٹس لیں، اہل علاقہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) فقیر محمد روڈ گلبرگ سٹریٹ اور ملحقہ گلیوں میں سادہ کپڑوں میں ملبوس افراد کی جانب سے پولیس کا نام کر لوٹ مار، شریف شہریوں کو پکڑ کر جعلی کیسز کی دھمکیاں دے کر لوٹا جا رہا ہے۔ اہل علاقہ نے ڈی آئی جی پولیس اعتزاز گورایہ سے اپیل کی ہے کہ وہ اس کا فوری نوٹس لیں۔ تفصیلات کے مطابق فقیر محمد روڈ گلبرگ اسٹریٹ اور ملحقہ علاقے کے مکینوں نے بتایا ہے کہ علاقے میں آنے والے لوگوں کو سادہ کپڑوں میں ملبوس موٹر سائیکل سوار خود کو پولیس اہلکار ظاہر کر کے لوٹ رہے ہیں۔ گزشتہ روز ایک شخص کسی کام سے گلبرگ اسٹریٹ میں اپنے مالکوں سے ملنے آیا رکشے میں واپس جاتے ہوئے کواری روڈ پر اسے دو موٹر سائیکلوں پر سوار افراد نے روکا اور خود کو پولیس اہلکار ظاہر کر کے اس کی تلاشی لی۔ فون اور پرس چھین لیا اور ڈراتے دھمکاتے ہوئے کہا کہ وہ مبینہ طور پر فحاشی کے اڈے پر گیا تھا۔ مذکورہ شخص نے انہیں تمام صورتحال سے آگاہ کیا اور کہا کہ وہ کام سے آیا تھا مگر خود کو پولیس ظاہر کرنے والوں نے ایک نہ سنی اسے دھکے دیے اور بعد میں 10 ہزار روپے کی ڈیمانڈ کی۔ مذکورہ شخص نے 3 ہزار روپے دے کر جان چھڑائی۔ لوگوں کا کہنا ہے کہ گلبرگ اسٹریٹ آنے اور جانے والوں کی چھپ کر ویڈیو بنائی جاتی ہے اور پھر بعد میں اس ویڈیو کے ذریعے لوگوں کو ڈرایا دھمکایا اور بلیک میل کیا جاتا ہے اہل علاقہ نے ڈی آئی جی پولیس سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس صورتحال کا سختی سے نوٹس لیں اور سادہ کپڑوں میں ملبوس افراد جو خود کو پولیس اہلکار ظاہر کر رہے ہیں ان کے خلاف ترجیحی بنیادوں پر کارروائی کریں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 28 SEP 2025

Page No. 12

## بلوچستان بورڈ میں کرپشن اور ریکارڈ ٹیمپرنگ!

یہ بات حقیقت پر مبنی ہے بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کوئٹہ ایک باوقار اور بڑی اہمیت کا حامل ادارہ ہے اس میں میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے ہونیوالے امتحانات کے نتائج مرتب کئے جاتے ہیں اور ان امتحانات میں کامیاب ہونے والے طلباء وطالبات ملک کے مستقبل کی بھاگ دوڑ سنبھالتے ہیں ان میں سیاستدان، بیوروکریٹ اور دیگر شعبوں میں خدمات انجام دینے والے ہوں سب کی بنیاد یہی ادارہ ہے۔اگر اس ادارے میں کرپشن ،ریکارڈ ٹیمپرنگ اور نتائج میں ردوبدل والے معاملے ہوں تو اس کے نتائج بڑے خطرناک برآمد ہوتے ہیں۔یہ ایک بہت بڑا لمحہ فکریہ ہے۔

گزشتہ روز اینٹی کرپشن بلوچستان نے کرپشن اور ریکارڈ ٹیمپرنگ میں ملوث بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کوئٹہ کے آئی ٹی ونگ کے 2 ملازمین کو گرفتار کرلیا۔ترجمان اینٹی کرپشن بلوچستان کے مطابق اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان کو قابل اعتماد انٹیلی جنس اطلاعات موصول ہوئیں کہ بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کوئٹہ کے بعض افسران اہلکار کرپشن، اختیارات کے ناجائز استعمال اور امتحانی ریکارڈ میں غیر قانونی ردوبدل میں ملوث ہیں۔بدعنوانیاں بالخصوص ہائر سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ اور ضمنی امتحانات 2024ء کے نتائج میں کی گئیں۔تحقیقات سے انکشاف ہوا ہے کہ امیدواروں کے نمبروں میں غیر قانونی تبدیلی، ڈی ایم سی میں ردوبدل اور آئی ٹی سسٹم تک بے جا رسائی کے ذریعے مبینہ طور پر مالی فوائد، اقرباپروری اور دیگر ذاتی مفادات کیلئے کئے گئے۔ترجمان نے بتایا کہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر انویسٹی گیشن قمر بلوچ اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر انویسٹی گیشن محمد سفیان اور دیگر افسران پر مشتمل کمیٹی تشکیل دی۔کمیٹی کے ریکارڈ کی جانچ پڑتال کے دوران متعدد بے ضابطگیاں سامنے آئی ہیں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کوئٹہ جیسے اہم ادارے میں مذکورہ صورتحال کا ہونا بڑی تشویش اور قابل مذمت بات ہے۔جیسا کہ اوپر ادارے کی اہمیت کے بارے میں ذکر کیا جا چکا ہے۔اس میں خرابیاں پیدا کرنے والے عناصر کے لیے کوئی جگہ نہیں ہونی چاہیے۔ایسے لوگ کسی بھی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں جو ملک کے مستقبل کے ساتھ کھلواڑ کر رہے ہیں۔اس سے قبل بھی اس ادارے کے 5 اہلکاروں کو گرفتار کیا گیا تھا۔

یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ ان تمام گرفتار ہونیوالے افراد کا کڑا احتساب کرتے ہوئے تمام معاملات کی تحقیقات کی جائے اس میں کسی بھی قسم کا کوئی کمپرومائز نہیں اور ان افراد کیخلاف سخت کاروائی کرنی چاہیے۔تاکہ یہ دوسروں کے لیے نشان عبرت ہو۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 28 SEP 2025 Page No. 13

# Securing water

Balochistan is blessed with plenty for natural resources and minerals but when it comes to talk about its water reservoirs it stands water stressed region. Average annual precipitation in Balochistan varies from 2 to 20 inches (50 to 500 mm). Its east-northern parts receive some rains from monsoon (300mm+ per year) where the rest of the province is either arid or hyper arid (50mm+ per year). Apart from Indus River that is feeding 2 to 3 districts (3 Million Acre Feet), the rest of the province is exploiting ground water (2.2 Million Acre Feet) at an alarming rate with some traditional techniques of Sailaba harvesting. Surprisingly, the quantity of water (10 Million Acre Feet) that is generated as flood water runs off unharnessed. Due to water shortage, the situation has come to a level where some of major cities like Quetta and other towns of the province are faced with threats of migration due to unavailability of drinking water. While the mainstay of Balochistan's economy is agriculture and livestock, and other allied activities which cater for more than 70% of livelihood and employment in the province.

Climate change is also making the situation more wobbly. Weather patterns around the globe, causing droughts and water shortages in some parts of the world but floods in the other areas. It is really unfortunate that every year 10 MAF of flood water go waste and untapped, and the main reason behind this is lack of dams in the province. Regrettably, the successive governments in the past neglected Balochistan with regard to constructing dams and still there dams upon which the construction work is to be initiated. No doubt, the federal and provincial governments agree construction of dams in Balochistan is inevitable to address, however, the pace of taking action in this regard is miserably slow. The Kaisar dam of Nushki district, which was started several years ago, is a clear instance of government's apathy. The dam is not going to be completed under pretext of lack of funds while every year the flood inflicts damages to the constructed work and its cost is increasing. However, it is hoped that the provincial government will take pragmatic steps to complete work on under-constructed dams besides starting more dams to address water woes of the province. Moreover, the government will also pursue federal government in timely completion of dam projects in the province and the incumbent federal government unlike past governments will bring tangible changes in the province.

CamScanner